پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

29/11/2021

مشن شکتی مہم کے تحت 07 اگست سے 25 نومبر 2021 تک 28 لاکھ سے زیادہ لوگوں کو بیدار کیا گیا

لکھنؤ: 29 نومبر 2021

وزیر ریاست برائے خواتین بہبود اور اطفال ترقیات (آزاد چارج) محترمہ سواتی سنگھ نے بتایا کہ خواتین نیز بچوں کے تحفظ اور با اختیار و اعزار کے مقصد کے ساتھ مشن شکتی کے طور پر وسیع مہم ریاست میں چلائی جا رہی ہے۔ اس مہم کے تحت 7 اگست سے 15 نومبر 2021 تک 2832104 لوگوں کو بیدار کیا گیا ہے جس میں مرد 1218181 اور خواتین سمیت 1609238 اور دیگر 1685 لوگوں کو خواتین کے تئیں بیدار کیا گیا۔

محترمہ سنگھ بے بتایا کہ حق کی بات ضلع مجسٹریٹ کے ساتھ پروگرام کے تحت 07 اگست نیز 02 نومبر کو منعقد پروگرام میں خواتین اور بچوں کے تئیں جنسی استحصال، گھریلو جھگڑا، لڑکیوں کا قتل، جہیز وغیرہ معاملوں کو خطاب کرنے کے لیے تمام اضلاع میں 2 گھنٹے کا انٹرفیس پروگرام منعقد کیا گیا جس میں کل 1365 شکایتیں درج کی گئی اور 897 مسائل کا تصفیہ پروگرام کے دوران ہی مکمل کیا گیا اور دیگر معاملوں پر ضلع مجسٹریٹوں کے ذریعہ متعلقہ محکموں کو ہدایت دی گئی۔

☆☆☆☆☆